© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

فضائی میزبانوں کا لباس ملکی تہذیب و ثقافت کا آئینہ ہونا چاہیے۔ (رباب)

اور میزبان خود کون سی تہذیب و ثقافت کا آئینہ ہوں گی۔

• میں ظرف والا آدمی ہوں۔ نواز شریف کو پروٹوکول دے رہا ہوں۔ بھٹو کے بعد دوسرا وزیر خارجہ ہوں جس کی عالمی حالات پر نظر ہے۔ (سردار آصف

ظرف والے آدمی نہیں صرف "ظرف" ہیں جسمیں حلال و حرام سب جمع ہو جاتا ہے۔ جیسے سود کا مال اور تجارت کا نفع

• آنکھوں کے میک اَپ پر خاص توجہ دیں (رباب ہنوانے وقت ثقافتی ایڈیشن)

قربان تیری آنکھوں پر۔۔۔ مگر دل کے میک اَپ پر۔۔۔۔؟

• مولویوں کا کام نماز پڑھانا ہے۔ احتجاج کی بجائے اللہ اللہ کریں (سکندر بخت)

اور تم منہ کالا کرتے رہو۔

• نواز شریف کی حکومت سے تو عورت کی حکومت بہتر ہے (اعظم طارق)

ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہو گی۔

• ایران بنیاد پرست ملک نہیں وہاں "لو میرج" تک کا رواج ہے۔ ــــــــــــ۔ اسلام عورت کو آزادی دیتا ہے۔ (سیدہ علوی رکن ایرانی پارلیمنٹ)

ایران میں اسلامی انقلاب کے داعیوں کے لئے شرم کا مقام!

• ہم سے تو بی کلاس قیدی بہتر ہیں جنہیں گوشت بھی ملتا ہے اور فروٹ بھی (آل پاکستان امپلائز یونین)

اتنی ذرا سی تنخواہ میں لائیں کہاں سے ہم
بیٹے کی فیس؟ بیٹی کا بر؟ ہم کلرک ہیں

• بے نظیر قیادت میں سرمایہ دارانہ نظام کے خاتمہ کا خواب شرمندۂ تعبیر ہو گا (محمد حسین آزاد)

سوئٹزر لینڈ میں جمع شدہ ۶۰ ارب روپیہ غریبوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔

• انگریزی کو پہلی جماعت سے لازمی قرار دینے سے خواندگی کی شرح کم ہو جائے گی (جماعت اسلامی)

بے روزگاری ختم کرنے کا صحیح طریقہ!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مولانا کوثر نیازی کو اسلامی نظریاتی کونسل کا چیئرمین بنادیا گیا۔(ایک خبر)

یہ تو ایسے ہی ہے جیسے سردار آصف سنگھ کو کعبے کا متولی لگا دیا جائے۔

- کھر کنیرڈ کالج کی طالبہ سے شادی کریں گے (ایک خبر)

یہ کوئی نئی بات نہیں (تہمینہ درانی)

- پاکستان کا اپنے حساس فوجی علاقے سے گزرنے والی ایران بھارت گیس پائپ لائن پر کوئی کنٹرول نہیں ہو گا۔ تعمیر کا کام صرف ایرانی اور بھارتی ماہرین کریں گے۔ پاکستان کو کوئی ٹھیکہ یا رائلٹی بھی نہیں ملے گی۔(ایک خبر)

بے نظیر دور کا "بے نظیر" ایران پاکستان معاہدہ!

- تعلیمی زوال کا سبب طلبہ نہیں۔۔ نظام تعلیم ہے۔(اویس قاسم)

ہم ایسی سب کتابیں قابل ضبطی سمجھتے ہیں
کہ جن کو پڑھ کر بیٹے باپ کو خبطی سمجھتے ہیں

- مرتضیٰ پر کوئی سختیاں نہیں ہو رہیں۔۔۔(فیصل صالح حیات)

وزیراعظم کا بھائی ہے آخر!

- بیگم صاحبہ کا احترام کرتی ہوں لیکن سیاست اپنی جگہ ہے(بے نظیر)

بہت خوب! یہ ہے نیو سوشل کنٹریکٹ

- علماء سود کا متبادل بتانے کیلئے تیار نہیں۔(جاوید اقبال)

کل کو آپ سوٴر کا متبادل بھی پوچھیں گے۔

- پیپلز پارٹی کے ساتھ تعلقات نارمل ہیں (مولانا فضل الرحمن)

مولانا فضل الرحمن بھی میرے خاوند کے قاتلوں میں شامل ہے۔(نصرت بھٹو)

- الیکشن وہ بُری شے ہے جو تقویٰ چھین لیتا ہے (ایک راسخ العقیدہ عالم دین)

سچ کہا آپ نے! الیکشن باقی رہتا ہے، مسلمانی نہیں رہتی۔

- امریکہ نے آٹھ سو انسان "سائنس دیوتا" کی بھینٹ چڑھا دیئے۔(ایک خبر)

ہے دل کے لئے موت مشینوں کی حکومت
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

- فیصل صالح حیات نے مقدمات میں ملوث تحریک جعفریہ کے کارکنوں کے بارے میں رپورٹ مانگ لی۔(ایک خبر)

اور سپاہِ صحابہ کے کارکنوں پر مقدمات بنانے کی ہدایت جاری کر دی۔

© rasailojaraid.com